اِنۡ یَّنۡصُرۡکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمۡ ۚ وَ اِنۡ یَّخۡذُلۡکُمۡ فَمَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَنۡصُرُکُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ وَ عَلَی اللّٰہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ

160

اللہ تمہاری مدد پر ہو تو کوئی طاقت تم پر غالب آنے والی نہیں، اور وہ تمہیں چھوڑ دے، تو اس کے بعد کون ہے جو تمہاری مدد کر سکتا ہو؟ پس جو سچے مومن ہیں ان کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے

مُلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ

249

ھر جب طالوت لشکر لے کر چلا، تو اس نے کہا: "ایک دریا پر
اللہ کی طرف سے تمہاری آزمائش ہونے والی ہے ۔ جو اس کا
پانی پیے گا، وہ میرا ساتھی نہیں۔ میرا ساتھی صرف وہ ہے جو
اس سے پیاس نہ بجھائے ، ہاں ایک آدھ چُلو کوئی پی لے" مگر
ایک گروہ قلیل کے سوا وہ سب اس دریا سے سیراب ہوئے۔
271 پھر جب طالوت اور اس کے ساتھی مسلمان دریا پار کر کے
آگے بڑھے، تو انہوں نے طالوت سے کہہ دیا کہ آج ہم میں
جالوت اور اس کے لشکروں کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں
ہے۔ 272 لیکن جو لوگ یہ سمجھتے تھے کہ انھیں ایک دن اللہ
سے ملنا ہے، انھوں نے کہا: "بار ہا ایسا ہوا ہے کہ ایک قلیل
گروہ اللہ کے اذن سے ایک بڑے گروہ پر غالب آگیا ہے۔ اللہ
صبر کرنے والوں کا ساتھی ہے